ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ایمرجنگ ایشیا کپ: انڈیا اے نے پاکستان شاہینز کو 8 وکٹوں سے ہرادیا

کولمبو 19 جولائی، 2023:

انڈیا اے نے پاکستان شاہینز کو ایمرجنگ ایشیا کپ کے میچ میں 8 وکٹوں سے شکست دیدی۔

پاکستان شاہینز 48 اوورز میں 205 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

انڈیا اے نے مطلوبہ اسکور 37 ویں اوور میں صرف دو وکٹوں پر پورا کرلیا جس میں سائی سودھرسن کی سنچری نمایاں ہے۔

یہ انڈیا کی مسلسل تیسری کامیابی ہے جبکہ پاکستان شاہینز کی یہ پہلی شکست ہے اس سے قبل اس نے نیپال اور متحدہ عرب امارات اے کو ہرایا تھا۔

پاکستان شاہینز اور انڈیا اے پہلے ہی سیمی فائنل میں جگہ بنا چکی ہیں۔

21 جولائی کو ہونے والے سیمی فائنلز میں پاکستان شاہینز کا مقابلہ سری لنکا اے سے ہوگا جبکہ انڈیا اے کی ٹیم بنگلہ دیش اے کے مدمقابل ہوگی۔

بدھ کے روز کولمبو کے پریماداسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان شاہینز کے کپتان محمد حارث نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا لیکن چار اوورز کے اختتام پر اس کے 2 کھلاڑی 9 رنز پر آؤٹ ہو چکے تھے۔

صائم ایوب گیارہ گیندوں کا سامنا کرنے کے بعد بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ عمیر بن یوسف بھی چار گیندیں کھیل کر بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہو گئے۔

صاحبزادہ فرحان اور حسیب اللہ نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 36 رنز کا اضافہ کیا۔ صاحبزادہ فرحان آٹھ چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

حسیب اللہ اور کامران غلام اسکور میں 32 رنز کا اضافہ کر پائے۔

کامران غلام 15 اور حسیب اللہ 27 رنز بنانے میں کامیاب ہو پائے۔

کپتان محمد حارث 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو پاکستان شاہینز کا اسکور 6 وکٹوں کے نقصان پر صرف 95 رنز تھا۔ اس موقع پر قاسم اکرم۔ مبصر خان اور مہران ممتاز کی ذمہ دارانہ بیٹنگ نے ٹیم کی پوزیشن بہتر کر دی۔

قاسم اکرم نے پانچ چوکوں کی مدد سے 48 رنز کی اہم اننگز کھیلی۔ انہوں نے مبصر خان کے ساتھ ساتویں وکٹ کی شراکت میں 53 رنز کا اضافہ کیا۔ مبصر خان نے 28 رنز اسکور کیے جن میں چار چوکے شامل تھے۔

مہران ممتاز نے ایک چھکے اور ایک چوکے کی مدد سے ناقابل شکست 25 رنز بنائے اور قاسم اکرم کے ساتھ آٹھویں وکٹ کی شراکت میں قیمتی 43 رنز کا اضافہ کیا۔

انڈیا اے کی طرف سے بیس سالہ تیز بولر راج وردھن ہنگر گیکر نے 42 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

لیفٹ آرم اسپنر مانو سوتھار نے 36 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

انڈیا کے اوپنرز ابھیشیک شرما اور سائی سودھرسن نے 58 رنز کا اسٹارٹ دیا۔ شرما کو 20 رنز پر مبصر خان نے بولڈ کردیا لیکن سائی سودھرسن اور نکن جوز کے درمیان 99 رنز کی شراکت نے اپنی ٹیم کی جیت کو آسان بنادیا۔ نکن جوز 53 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس میں سات چوکے شامل تھے۔

سائی سودھرسن نے 110 گیندوں پر 104 رنز ناٹ آؤٹ کی شاندار اننگز کھیلی جس میں 10 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔

کپتان یاش ڈھل 21 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جس میں دو چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔ 205 رنز (48 اوورز) قاسم اکرم 48۔ راج وردھن ہنگر گیکر 42 / 5 وکٹ۔ مانو سوتھار 36 / 3 وکٹ۔

انڈیا اے 210 رنز 2 کھلاڑی آؤٹ (36 اعشاریہ 4 اوورز) سائی سودھرسن 104 ناٹ آؤٹ نکن جوز 53۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk